# ناحُومؔ
# کی نبُوّت

1 نینوہؔ کی بابت نبُوّت۔ ناحُومؔ القوشی کی رُویا کی کِتاب۔

## نینوہؔ کے خِلاف یَاہوِہ کا قہر

2 یَاہوِہ غیُّور ہیں اَور اِنتقام لینے والے خُدا ہیں؛
یَاہوِہ اِنتقام لیتے ہیں اَور غضب سے معموُر ہیں۔
یَاہوِہ اَپنے مُخالفوں سے اِنتقام لیتے ہیں
اَور اَپنے دُشمنوں کے خِلاف اَپنے قہر کو نازل کرتے ہیں۔
3 یَاہوِہ قہر کرنے میں دھیمے اَور قُوّت میں غنی ہیں؛
یَاہوِہ مُجرم کو بے سزا نہ چھوڑیں گے۔
اُن کی راہ بگُولہ اَور گِردباد میں سے ہوکر گُزرتی ہے
اَور بادل اُن کے پاؤں کی گرد ہیں۔
4 وہ سمُندر کو ڈانٹتے ہیں اَور اُسے سُکھا دیتے ہیں؛
وہ سَب دریاؤں کو سُکھا دیتے ہیں۔
باشانؔ اَور کرمِلؔ سُوکھ جاتے ہیں
اَور لبانونؔ کی کونپلیں مُرجھا جاتی ہیں۔
5 اُن کے سامنے پہاڑ کانپتے ہیں
اَور ٹیلے پگھل جاتے ہیں۔

اُن کے سامنے تمام دُنیا
اَور اُن میں رہنے والے تھرتھراتے ہیں۔
6 اُن کے قہر کا سامنا کون کر سکتا ہے؟
اَور کون اُن کے ہیبت ناک غضب کو برداشت کر سَکتا ہے؟
اُن کا غُصّہ آگ کی طرح نازل ہوتاہے،
اُن کے سامنے چٹّانیں لرز جاتی ہیں۔

7 یَاہوِہ بھلےہیں اَور،
مُصیبت میں پناہ گاہ ہیں۔
جو اُن پر توکّل رکھتے ہیں، وہ اُن کی فکر کرتے ہیں،
8 لیکن وہ ایک بڑے سیلاب سے
نینوہؔ کو تباہ کر دیں گے،
وہ اَپنے دُشمنوں کو تاریکی میں کھدیڑ دیں گے۔

9 یَاہوِہ کے خِلاف جو بھی منصُوبہ باندھیں گے
وہ اُسے مٹا دیں گے،
مُصیبت دوبارہ نہ آئے گی۔
10 کیونکہ چاہے اُن کے دُشمن اُلجھے ہُوئے کانٹوں کی مانند پیچیدہ
اَور اَپنی مَے سے متوالے ہوں،
تَو بھی وہ سُوکھنے کھونٹوں کی طرح جَل کر بھسم ہو جائیں گے۔
11 اَے نینوہؔ، تُجھ میں سے ایک شخص نِکلا ہے،
جو یَاہوِہ کے خِلاف بُرے منصُوبہ باندھتا ہے
اَور بُرائی کی سازش کرتا ہے۔

12 یَاھوِہ یُوں فرماتے ھیں:
اگرچہ اُن کے مددگار بے شُمار ھیں،
تو بھی وہ نِیست و نابود کر دِئیے جائیں گے اَور وہ مِٹ جائیں
گے۔
اَے یہُوداہؔ، اگرچہ مَیں نے تُجھے بہت ستایا ھے،
تو بھی پھر کبھی مَیں تُجھے اَور دُکھ نہ دُوں گا۔
13 اَب مَیں تمھاری گردن پر رکھے اُن کا جُوا توڑ ڈالُوں گا
اَور تمھاری بیڑیوں کو ٹکڑے ٹکڑے کر دُوں گا۔

14 اَے نینوہؔ، تمھاری بابت یَاھوِہ نے ایک حُکم دیا ھے،
تمھاری نَسل باقی نہ رھے گی،
میں تمھاری کھودی ھُوئی مورتوں اَور ڈھالے ھُوئے بُتوں کو
جو تمھارے معبُودوں کے بُت خانوں میں رکھی ھیں، تباہ کر دُوں
گا۔
چونکہ تُو نکّما ھے،
اِس لئے میں تمھاری قبر کھودوں گا۔

15 اُن پہاڑوں کی طرف نظر اُٹھا کر،
اُس کے پاؤں کو دیکھ جو خُوشخبری لاتا،
اَور سلامتی کا اعلان کرتا ھے!
اَے یہُوداہؔ، اَپنی عیدیں منا،
اَور اَپنی مَنّتیں پُوری کر۔
کیونکہ پھر بدکار تُجھ پر حملہ نہ کریں گے؛
کیونکہ وہ مُکمّل طور سے فنا کر دِئیے جائیں گے۔

# 2

## نینوہؔ برباد ہوگا

1 اَے نینوہؔ، ایک حملہ آور تُجھ پر چڑھ آیا ہے،
اَپنے قلعہ کو محفوظ رکھ،
راہ کی نگہبانی کر،
کمر کس لے،
اَور اَپنی ساری طاقت کو جمع کر۔

2 یَاہوِہ یعقوب کی ساری شان و شوکت کو،
اِسرائیل کی شان کی مانند بحال کرے گا،
اگرچہ غارت کرنے والوں نے اُنہیں غارت کر دیا ہے
اَور اُن کے تاک کی شاخوں کو اُجاڑ دیا ہے۔

3 تیّاری کے دِن اُس کے جنگی بہادروں کی ڈھالیں سُرخ ہیں؛
جنگی مَرد قِرمزی لباس پہنے ہیں۔
تیّاری کے دِن اُن کے رتھوں کی فولاد چمچماتی ہے؛
صنوبر کے نیزے لہرا رہے ہیں۔
4 راستوں پر رتھ تیزی سے دوڑ رہے ہیں،
وہ چَوک کے میدان میں اِدھر سے اُدھر دَوڑ رہے ہیں۔
وہ مشعلوں کی مانند دِکھائی دیتے ہیں؛
وہ بجلی کی مانند کوند رہے ہیں۔

5 وہ اَپنے مُنتخب فَوجیوں کو بُلاتا ہے،
پر وہ اَپنے راستوں پر ٹھوکر کھاتے ہیں۔
اَور شہرپناہ سے ٹکراتے ہیں؛

حِفاظت کرنے والی آڑ اَپنی جگہ پر رکھ دی گئی ہے۔
6 دریاؤں کے پھاٹک کھُل جاتے ہیں،
اَور محل ڈھیر ہوکر رہ جاتے ہیں۔
7 یہ طے ہو چُکاہے کہ شہر والے،
جَلاوطنی میں لے جائے جائیں۔
اُن کی لونڈیاں قُمریوں کی طرح ماتم کریں،
اَور چھاتیاں پیٹیں۔
8 نینوہؔ ایک حوض کی مانند ہے،
اُس کا پانی نکالا جا رہاہے۔
لوگ چِلاّتے ہیں، ”ٹھہرو، ٹھہرو،“
پر کوئی مُڑ کر نہیں دیکھتا۔
9 چاندی لُوٹو!
سونا لُوٹو!
مال کی کوئی اِنتہا نہیں،
خزانوں میں دولت کثرت سے ہے!
10 وہ خالی ہے، لُوٹ لیا گیا ہے، ویران ہے!
دِل پگھل جاتے ہیں، گھُٹنے لڑکھڑاتے ہیں،
جِسم کانپتے ہیں، ہر چہرہ زرد ہو جاتا ہے۔

11 اَب شیر کی ماند کہاں ہے،
وہ جگہ جہاں وہ اَپنے بچّوں کو خُوراک کھِلاتے تھے،
شیر، شیرنی اَور اُن کے بچّے کہاں گئے،
جہاں وہ بے خوف پھرا کرتے تھے؟
12 شیرببر اَپنے بچّوں کے لئے بہت شِکار مارتا تھا،

اَور اَپنی شیرنی کے لئے شِکار کا گلا گھونٹتا تھا،
اَور اَپنی ماندوں کو شِکار سے،
اَور غاروں کو پھاڑے ہوئے جانوروں سے بھر دیتا تھا۔

13 قادرمُطلق یَاہوِہ فرماتے ہیں،
”مَیں تیرا مُخالف ہُوں،
مَیں تمہارے رتھوں کو دُھواں بنا دُوں گا،
اَور تلوار تمہارے جَوان شیروں کو نگل جائے گی۔
میں زمین پر تمہارے لئے کوئی شِکار نہیں چھوڑوں گا۔
تمہارے قاصِدوں کی آوازیں،
پھر کبھی سُنائی نہ دیں گی۔“

# 3

## نینوہؔ پر ماتم

1 خُونی شہر پر افسوس،
وہ جھوٹ
اَور غارت گری سے بھرا ہُواہے
وہ کبھی جُرم سے باز نہیں رہتا!
2 چابک کے چٹخنے کی آواز،
پہیّوں کی کھڑکھڑاھٹ،
گھوڑوں کی ٹاپ،
اَور رتھوں کے ھچکولوں کی آواز!
3 حملہ آور لشکر،
تلواروں کی چمک،
اَور بھالوں کی جھلک!

مقتولوں کے ڈھیر،
لاشوں کے انبار،
بے شُمار لاشیں،
جِن سے لوگ ٹھوکریں کھاتے ھیں۔
4 یہ سَب اُس کسبی اَور فاحِشہ کی بدکاری کے سبب سے ھے،
جِس نے فاحِشہ پن سے قوموں کو،
اَور جادُو سے لوگوں کو
غُلام بنا لیا ھے۔

5 قادرِمُطلق یَاھوِہ فرماتے ھیں کہ مَیں تیرا مُخالف ھُوں۔
مَیں تُجھے تمھارے مُنہ تک ننگا کروں گا۔
اَور قوموں کو تیرا ننگا پن دِکھاؤں گا،
اَور مملکتوں کو تمھاری برھنگی دِکھاؤں گا۔
6 مَیں تمھارے اُوپر گندگی ڈالُوں گا،
میں نفرت کا سلُوک کروں گا
تُجھے رُسوا کروں گا۔
7 جو کوئی تُجھ پر نظر کرے گا بھاگ جائے گا،
اَور کھے گا نینوہؔ برباد ھو رھا ھے، کون اُس کے لئے ماتم کرے گا؟
مَیں تمھارے لئے تسلّی دینے والا کھاں سے لاؤں؟

8 کیا تُو تھیبیس سے بڑھ کر ھے،
جو دریائے نیل پر بسا ھُوا ھے،
اَور اُس کے چاروں طرف پانی ھے؟

ندی اُس کی مُحافظ تھی،
اَور پانی اُس کی دیوار تھا۔
9 کُوشؔ اَور مِصر اُس کی بے اِنتہا طاقت تھے؛
فُوطؔ اَور لیبیا اُس کے حمایتی تھے۔
10 تو بھی وہ اسیر ہُوا اَور جَلاوطنی میں گیا۔
ھر گلی کے نکّڑ پر
اُس کے دُودھ پیتے بچّے پٹک کر ٹکڑے کر دئیے گئے۔
اُس کے مُعزّز
لوگوں پر قُرعہ ڈالے گئے،
اَور اُس کے سارے بُزرگ زنجیروں میں جکڑ دئیے گئے۔
11 تُو بھی متوالا ھو جائے گا؛
تُو دُشمن سے بچنے کے لئے پناہ مانگے گا
اَور خُود کو چُھپائے گا۔

12 تمھارے سارے قلعے اَنجیر کے درختوں کی مانند ھوں گے
جِن پر پہلی فصل کے پکے پھل لگے ھُوں؛
جَب اُن کو ھلایا جاتا ھے،
تو کھانے والے کے مُنہ میں پھل گرتا ھے۔
13 اَپنے جنگی بہادروں کو دیکھ۔
تمھارے مَرد عورتیں بَن گئے ھیں!
تمھارے مُلک کے پھاٹک
تمھارے دُشمنوں کے لئے کھُل گئے ھیں؛
آگ اڑبنگوں کو کھا گئی۔

14 محاصرے کے لِئے پانی بھر لے،
اَپنے قلعوں کو مضبُوط کر!
مٹّی تیّار کر،
روند کر مَساله بنا،
اینٹ کے سانچے کی مرمّت کر!
15 وھاں آگ تُجھے کھا جائے گی،
تلوار تُجھے کاٹ ڈالے گی
اَور ٹِڈّی کی طرح تُجھے کھا جائے گی۔
ٹِڈّیوں کی طرح
اَپنا شُمار بڑھا!
16 تُم نے اَپنے سوداگروں کو
آسمان کے سِتاروں سے زِیادہ بڑھا لیا ہے،
لیکن وہ ٹِڈّیوں کی طرح چٹ کرکے
اُڑ جاتے ھیں۔
17 تمھارے مُحافظ ٹِڈّیوں کے غول کی مانند ھیں،
تمھارے سردار ٹِڈّیوں کے غول کی طرح ھیں
جِس کی ٹِڈّیاں سردی کے دِن دیوار کے شگافوں میں پناہ لیتی ھیں۔
لیکن سُورج نکلتے ھی اُڑ جاتی ھیں،
کوئی نہیں جانتا کھاں۔

18 اَے اشُور کے بادشاہ، تمھارے چرواھے اُونگھتے ھیں؛
تمھارے سردار آرام سے سَو رھے ھیں۔

تمھاری رعایا پہاڑوں پر مُنتشر ھو گئی
اُنہیں جمع کرنے والا کوئی نہیں۔
19 کوئی چیز تمھارے زخموں کو شفا نہیں دے سکتی؛
تیرا زخم لاعلاج ھے۔
جو کوئی تمھارے بارے میں سُنتا ھے
وہ تمھاری بربادی پر خُوش ھوکر تالی بجاتا ھے،
کیونکہ کون ھے
جِس نے تیرا ظُلم نہیں سہا؟

# Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ

## Urdu: Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ™
حق اِشاعت © 1999، 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https:// creativecommons.org/ licenses/ by-sa/ 4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: “The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible.”
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
Biblica® ترجمہ عصر ہم اردو آزادانہ™
حق اِشاعت © 1999، 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
Biblica Inc کےذریعہ تجارتی رجسٹرڈ اَور سند کی حُقُوق کے متحدہ ھائے ریاست اَور ”Biblica“
نشان دَفتر میں درج وھیں۔ اجازت کے ساتھ اسیعمال کیا جاتاھے۔
“Biblica” is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

- You include the above copyright and source information.
- If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.
- If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025
aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f